نقصانات اٹھانے پڑے اور وہ اس کی گرفت سے آزاد ہونے کے لیے کیا کچھ کرتے رہے۔ قادری صاحب نے یہ مقالہ لکھ کر پروفیسر خورشید صاحب کے مضامین کے لیے ایک نہایت صحیح پس منظر مہیا کر دیا ہے جس کی روشنی میں پاکستان کے اندر اسلامی آئین کے نفاذ کی جدوجہد کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ پروفیسر خورشید صاحب چونکہ اس جدوجہد میں عملی طور پر شریک رہے ہیں اس لیے ان کے مقالات میں حقیقت پسندی کی جھلک پوری طرح نمایاں ہے۔ یہ سلسلہ مضامین بڑا مفید ہے اور اسلامی آئین کے نفاذ میں دلچسپی رکھنے والوں کے لیے اس سے کافی رہنمائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ اس جدوجہد کی نہایت قابل اعتماد دستاویز ہے جس سے پاکستان کا مورخ کبھی بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔ کاغذ البتہ ناقص ہے۔

خلافت و ملوکیت اور علمائے اہل سنت تالیف: مرتبہ جناب ابو خالد صاحب۔ شائع کردہ: مکتبہ اہل سُنت، چاہ میراں، لاہور۔ قیمت: ۲ روپے۔ صفحات: ۱۵۲

اس کتاب میں فاضل مصنف نے بڑے ٹھوس دلائل کے ساتھ یہ ثابت کیا ہے کہ مولانا مودودی کی کتاب "خلافت و ملوکیت" کے جن پہلوؤں پر بعض لوگوں نے فتنہ کھڑا کیا ہے ان میں سے کوئی ایک پہلو بھی ایسا نہیں جس پر اُمت کے معتمد علماء نے اظہارِ خیال نہ کیا ہو۔ اُن کے نقطہ نظر اور مولانا مودودی کے نقطہ نظر میں کوئی بنیادی اختلاف نظر نہیں آتا۔ پھر وہ اگر ان خیالات کی بنا پر موردِ الزام نہیں ٹھہرتے تو مولانا مودودی پر آخر یہ خاص "کرم فرمائی" کیوں کی جاتی ہے۔

کتاب کا معیارِ طباعت اور کتابت عمدہ ہے۔

Aid or Trade معاونت یا تجارت تالیف: جناب یوسف حسن شیرازی صاحب۔ ملنے کا پتہ: شیرازی انوسٹمنٹ لمیٹڈ F/36، S.I.T.E کراچی۔ قیمت: پاکستانی سکے میں، ۸ روپے غیر ملکی سکے میں ۔ ۵۰ر۲ ڈالر۔

کتاب کے مصنف ملک کے ایک اونچے درجے کے تاجر اور صنعت کار ہونے کی وجہ سے ملکی معیشت کے بارے میں نہایت وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ اس کتاب میں انہوں نے نہ صرف ملک کی

معاشی صورتِ حال پر تبصرہ کیا ہے۔ بلکہ یہ بھی بتایا ہے کہ اسے اگر بہتر بنانے کے لیے سرتوڑ کوشش نہ کی گئی تو ملک کو شدید نقصان پہنچے گا۔ ان کا موقف یہ ہے کہ ہمیں اپنی معیشت کے اندر تنوّع پیدا کرنا چاہیئے اور اس مقصد کے لیے پیدائشِ دولت کی ہیئت میں بھی تنوع پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

غیر ملکی قرضوں کے بارے میں فاضل مصنّف کا جائزہ بڑا ناقدانہ اور فکر انگیز ہے۔ انہوں نے یہ بتایا ہے کہ یہ مشروط نوعیت کے غیر ملکی قرضے پس ماندہ اور ترقی پذیر ممالک کے لیے کچھ زیادہ مفید ثابت نہیں ہو رہے بلکہ ان کا بیشتر فائدہ اُن ممالک کو پہنچتا ہے جو "امداد" کے نام پر یہ قرضے دیتے ہیں۔ کتاب بڑی دلچسپ اور معلومات افزا ہے۔ خصوصاً معاشیات کے طلبار اور اس سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے اس میں بڑی کام کی باتیں موجود ہیں۔

معیارِ طباعت وکتابت خاصا اونچا ہے۔

خدائی وعدہ تالیف: ڈاکٹر طٰہٰ حسین۔ ترجمہ: جناب معراج محمد بارق صاحب۔ ناشر: نور محمد کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ کراچی۔ قیمت

زیر تبصرہ کتاب ڈاکٹر طٰہٰ حسین کی معروف کتاب "الوعد الحق" کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں فاضل مصنّف نے حضرت عمار بن یاسر، حضرت بلال حبشی، حضرت صہیب رومی اور حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہم جیسے بے بس صحابہ کے مصائب و شدائد کو بیان کیا ہے جو انہوں نے کفارِ مکہ کے ہاتھوں اسلام اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے وابستگی کی خاطر برداشت کیئے۔ اس کتاب میں طٰہٰ حسین کے اسلوبِ نگارش یعنی الفاظ کے شکوہ، مترادفات کے کثرتِ استعمال کے ساتھ ساتھ تصویرکشی کا رنگ بھی نمایاں ہے۔ اس کے پڑھنے سے ان مقدس ہستیوں کی مظلومیت سامنے آجاتی ہے۔ جنہوں نے اللہ کے دین کو بلند کرنے کے لیے غیر معمولی پامردی اور استقامت کا ثبوت دیا اور جو معاشرے میں کمزور ہونے کی وجہ سے خاص طور پر کفار کے ظلم و استبداد کا تختہ مشق بنتے رہے۔

کتاب کا ترجمہ بڑا جاندار ہے۔ اس میں الفاظ کی ترجمانی کے ساتھ جذبات کی ترجمانی موجود ہے۔

معیار طباعت وکتابت گوارا ہے۔